

نوٹس

# 1

# ہوم سائنس کیا ہے

جیسا کہ اس کے نام سے ظاہر ہے، ہوم سائنس کا تعلق گھر، گھر میں رہنے والوں کی صحت اور خوشیوں سے ہے۔ جہاں تک اس فیلڈ میں مہارت (Specialization) حاصل کرنے کا تعلق ہے تو ہوم سائنس کا مواد سائنس اور آرٹ دونوں ڈسپلن پر مشتمل ہے۔ اس طرح بین الموضوعاتی (Interdisciplinary) فیلڈ نوجوان طلباء کو زندگی کے دو بہت اہم مقاصد کے لیے تیار کرتی ہے، یعنی اپنے گھر اور خاندان کی دیکھ بھال کرنا اور زندگی میں اپنائے جانے والے پیشے کے لیے تیار کرنا۔

آج کے دور میں عورتیں اور مرد دونوں مل کر گھر اور خاندان کی ذمے داریاں نبھاتے، چنانچہ انھیں اپنی زندگی کو آرام دہ اور پُرسکون بنانے کے لیے دستیاب وسائل کا بہترین طور پر استعمال کرنے میں یکساں تیاری کرنے کی ضرورت ہوتی ہے۔ اس سبق میں آپ پڑھیں گے کہ ہوم سائنس میں آرٹ اور سائنس کا دائرہ کار کیا ہے، اور اس میں مہارت حاصل کرنے کے بعد آپ کو کس طرح کے مختلف پیشہ ورانہ مواقع حاصل ہیں۔

## مقاصد

اس سبق کو پڑھنے کے بعد آپ درج ذیل نکات کو سمجھ سکیں گے۔

- ہوم سائنس کے معنی اور اس کی اہمیت کو سمجھ لیں گے؛
- مردوں اور عورتوں دونوں سے ہوم سائنس کے گہرے تعلق پر روشنی ڈال سکیں گے؛
- ہوم سائنس کی فن اور پیشے کی حقیقت پر چند دلیلیں دے سکیں گے؛
- اس کی معلومات ہوجائے گی کہ ہوم سائنس کے مضمون کو پڑھنے کے بعد آگے آپ کو مستقبل میں کس طرح کے تعلیمی اور پیشہ ورانہ مواقع حاصل ہوسکیں گے۔





## 1.1 ہوم سائنس کے معنی

ہوم سائنس یا گھر کی دیکھ بھال اور بندوبست کی سائنس میں وہ تمام چیزیں شامل ہیں، جن کا تعلق خود ہم سے، ہمارے گھر، ہمارے خاندان اور ہمارے وسائل سے ہے۔ اس کا مقصد ہے اپنے وسائل کا سائنٹفک اور بھرپور استعمال کرکے اپنے اور اپنے خاندان کے لیے مکمل آسودگی حاصل کرنا۔ ہوم سائنس کے معنی ہیں اپنے وسائل کا موثر اور سائنٹفک استعمال کا فن اور ایک صحت مند اور خوشحال گھر کے ساتھ ساتھ ایک کامیاب کیریئر کے حصول کا فن۔

آپ نے نوٹ کیا ہوگا کہ مندرجہ بالا ہوم سائنس کی تعریف میں لفظ، آرٹ، اور 'سائنس' کا استعمال کیا گیا ہے۔ یہ اس لیے ہے کہ ہوم سائنس کا مضمون آپ کو مختلف چیزوں کو اس طرح استعمال کرنا سکھاتا ہے کہ اس سے گھر کی تمام چیزوں میں ایک ہم آہنگی اور ایک خوشگوار ماحول پیدا ہوجاتا ہے۔ اسی کے ساتھ یہ مضمون آپ کو گھریلو سلیقے اور گھر کے پورے ماحول کو خوبصورت بنانے کے لیے جن چیزوں کے طریقہ کار کو جاننے کی ضرورت ہے، اُن سب کے بارے میں سائنٹفک معلومات فراہم کرتا ہے۔

آیئے اسے ایک مثال کے ذریعے سمجھنے کی کوشش کریں۔ ہوم سائنس آپ کے جسم کے مختلف کاموں اور جسم کے لیے ضروری غذائی اجزاء کے بارے میں جو معلومات فراہم کرتا ہے، یہ سائنس ہے۔ اور جب آپ ضروری غذائی اجزاء والی ڈشز تیار کرکے ایسے خوبصورت طریقے سے اپنے گھر والوں کے سامنے پیش کرتے ہیں کہ اُن کے منہ میں پانی آجاتا ہے، اور وہ کھانے کے لیے بے چین ہوجاتے ہیں۔ یہ آرٹ ہے۔

گھر کے بچوں اور بڑوں کے ساتھ پُر اثر انداز میں گفتگو کرنے کی صلاحیت کا ہونا ایک اہم ہنر (Skill) اور فن ہے، جو ایک پُرسکون اور خوشحال زندگی گزارنے اور آپسی رشتوں میں ہم آہنگی پیدا کرنے کے لیے ہم سب کو سیکھنے کی ضرورت ہے۔ ہوم سائنس کا مطالعہ ہمیں اس بنیادی ہنر کی تعلیم بھی دیتا ہے۔ ہوم سائنس کے مطالعے کی فیلڈ بڑی وسعت رکھتی ہے۔ اس کا مطالعاتی مواد پیور سائنس جیسے فزکس، کیمسٹری، بیالوجی، فیزیولوجی اور ہائی جین سے لیا جاتا ہے۔ اسی طرح ہوم سائنس کا مضمون اکنامکس، سوشیولوجی، اینتھر وپولوجی، سائیکالوجی، کمیونٹی ڈیولپمنٹ، کمیونیکیشن، میڈیا اور ٹیکنالوجی جیسے مضامین سے بھی اکتساب حاصل کرتا ہے۔ اس طرح ہوم سائنس مندرجہ بالا تمام مضامین سے باہم رشتہ پیدا کرکے ایک بین الموضوعاتی (Interdisciplinary) مضمون بن جاتا ہے، جو سائنس اور آرٹس کے کورسز سے طاقت حاصل کرتا ہے۔ سائنس اور آرٹ کا یہ رشتہ ہوم سائنس کے تمام شعبوں پر صحیح معنی میں اثر انداز ہوتا ہے، ان میں چند شعبے درج ذیل ہیں۔



نوٹس

## ہوم سائنس کیا ہے؟

- خاندان کے افراد کی باہمی گفتگو
- وہ خاندان جس کی ذمے داری آپ کے اوپر ہے۔
- کھانا، جو آپ کھاتے ہیں۔
- گھر، جس میں آپ رہتے ہیں۔
- کپڑے جو آپ پہنتے ہیں۔
- وسائل، جو آپ استعمال کرتے ہیں۔
- آپ کے آس پاس کا ماحول اور
- وہ مہارتیں اور ماحول جو کامیاب کیریر کی طرف آپ کی رہنمائی کرتا ہے۔

### عملی کام 1.1

گھر میں کیے جانے والے کچھ کام نیچے دیے جا رہے ہیں۔ بتایئے آپ انھیں آرٹ کے خانے میں رکھیں گے یا سائنس کے خانے۔ شروع میں آپ کو دو کاموں کی مثال بھی دی جا رہی ہے۔

| کام | آرٹ | سائنس |
|---|---|---|
| غسل کرنا | صفائی اور تازگی کا احساس | • جسم سے گرد اور جراثیم دور ہوجاتے ہیں۔<br>• جسم کے مسام کھل جاتے ہیں۔ |
| ناشتہ بنانا | خوبصورت پیش کش | • صحیح کھانے کا انتخاب<br>• پکانے کا وہ طریقہ جس سے غذائیت برقرار رہے۔<br>• کھانے کی غذائیت میں اضافہ کرنا۔ |
| کپڑے دھونا | | |
| گھر کی صفائی ستھرائی | | |
| گھر کے سامان کی خریداری | | |



نوٹس

| | | |
|---|---|---|
| گھریلو سامان کا استعمال | | |
| بچوں کی دیکھ بھال | | |

## 1.2 آج کے ماحول سے ہوم سائنس کی مناسبت

ہوم سائنس کے مختلف شعبوں کا مطالعہ کرکے آپ اپنے وسائل کو بہتر طریقے سے استعمال کر سکتے ہیں۔ اگر آپ کو کسی قسم کی دقت پیش آئے، تو اس کو حل کرنے کے لیے یہ مضمون آپ کی صحیح رہنمائی کرتا ہے۔ اس طرح آپ زیادہ منظّم اور زیادہ باصلاحیت ہوجاتے ہیں۔ ہوم سائنس مضمون مردوں اور عورتوں دونوں کے لیے نئے نئے پیشوں اور مفید کام کاج کے مواقع کے نئے امکانات پیدا کرتا ہے۔ یہ معلومات نہ صرف آپ کے گھر اور آپ کی نجی زندگی میں بہتری لاتی ہے، بلکہ آپ کی پیشہ ورانہ زندگی کو بھی بہتر اور مفید بناتی ہے۔

ہندوستان میں رواج ہے کہ عورتوں اور مردوں کے کاموں کو الگ الگ خانوں میں تقسیم کر دیا گیا ہے، لیکن آج کے بدلتے ہوئے سماجی اور اقتصادی ماحول میں گھر کے بندوبست میں گھر کے تمام افراد کو مل کر اپنی ذمے داری نبھانے کی ضرورت ہے۔ لہٰذا، جنس کی بنیاد پر کاموں کی تقسیم کے آج کوئی معنی نہیں ہیں۔ آج زیادہ تر خواتین کام کرتی ہیں۔ خواہ وہ آفس جاتی ہوں یا گھر پر کام کرتی ہوں۔ ایسی حالت میں گھر کی ذمے داریوں کو گھر کے تمام افراد کو مل کر پورا کرنا ہوتا ہے، جس آدمی کو ایک گھر کی ذمے داریاں اٹھانی ہیں، اس کے لیے ضروری ہے کہ اس نے ہوم سائنس کے مضمون کو اچھی طرح پڑھا ہو، ورنہ اسے اپنی ذمے داریوں کی انجام دہی میں مشکلات پیش آسکتی ہے۔ ہوم سائنس کا مضمون لڑکے اور لڑکی دونوں کو اپنی ذمے داریاں اٹھانے کے قابل بناتا ہے۔ گھر کے مختلف کاموں کی دیکھ بھال اور بندوبست کے لیے دونوں ہی کو تعارفی پروگرام (Orientation) کی ضرورت ہوتی ہے۔ وہ مختلف کوششیں، جو ایک گھر کو جمالیاتی احساس بخشنے کے ساتھ ساتھ گھر کے کاموں کو آسانی سے انجام دینے کے قابل بناتی ہیں، انھیں ان کوششوں کو سمجھنے اور انھیں سیکھنے کی ضرورت ہے۔ ہوم سائنس ہی وہ مضمون ہے جو نوعمر لڑکے لڑکیوں کو ان تمام باتوں سے متعارف کراتا ہے اور تمام معلومات اور مہارتیں فراہم کرتا ہے، جو انھیں آگے چل کر ایک کامیاب گھر دار، اچھے والدین، ذمے دار شہری اور مفید کارکن بننے میں مدد کرتی ہیں۔

آپ اور آپ کے خاندان کے افراد ہوم سائنس کے مضمون کے ذریعے نجی تسکین حاصل کر سکتے ہیں اور اس کے ذریعے حاصل شدہ مہارتوں کے ذریعے اپنے خاندان کی اقتصادی حالت کو بھی بہتر



نوٹس

## ہوم سائنس کیا ہے؟

بنا سکتے ہیں۔ ہوم سائنس میں آپ ایسی مہارتوں کے بارے میں بھی پڑھیں گے جو آپ کو گھریلو صنعتیں یا صلاح و مشورے کا دفتر (Consultancies) جیسے بوٹیک (Boutique)، گھروں یا دفتروں میں کھانا پہنچانا (Catering Unit)، نوزائیدہ بچوں کی دیکھ بھال (Creche)، دفتر کے اوقات میں چھوٹے بچوں کی دیکھ بھال (day care centre) وغیرہ کھولنے میں مددگار ہوسکتی ہیں۔ ان سب چیزوں کے بارے میں آپ اسی سبق میں آگے تفصیل سے پڑھیں گے۔

### ہوم سائنس مضمون لڑکے لڑکیوں دونوں کے لیے

- بڑھتی ہوئی مسابقت کے دور میں دونوں کامیاب ہوسکتے ہیں۔
- گھر کے تمام کاموں اور ذمے داریوں کو دونوں مل کر پورا کر سکتے ہیں۔
- تمام وسائل کے بہتر استعمال کے لیے دونوں کو مل کر سوچنے کی ضرورت ہے۔
- گھر میں کوئی مسئلہ پیدا ہوجانے پر دونوں کو خاندان کے دوسرے افراد کے ساتھ مل کر اسے حل کرنا چاہیے۔
- ہوم سائنس مضمون لڑکے اور لڑکیوں دونوں کو بے شمار پیشہ ورانہ مواقع فراہم کرتا ہے۔

### عملی کام 1.2

کیا آپ درج ذیل بیانات سے اتفاق کرتے ہیں؟ اپنے خیال کی وجہ بھی بتائیے۔

| موقع | ہاں/نہیں | وجوہات |
|---|---|---|
| بیمار بچے کی دیکھ بھال صرف ماں کرسکتی ہے۔ | نہیں | دیکھ بھال کی صلاحیت رکھنے والا کوئی بھی فرد بیمار بچے کی دیکھ بھال کرسکتا ہے۔ اس میں عورت مرد کی کوئی قید نہیں ہے۔ مرد ڈاکٹر بھی عورت ڈاکٹر کی طرح اپنے مریض کی اچھی دیکھ بھال کرتے ہیں |
| بجلی کے سامان کی خریداری ترجیحاً مردوں کو ہی کرنی چاہیے۔ | | |



نوٹس

| | | |
|---|---|---|
| کپڑے دھونا، پریس کرنا، تہہ کرنا اور ہفتہ وار دھلائی کا کام عورتیں بہتر طریقے سے کرسکتی ہیں۔ | | |
| پیسے روپے کا انتظام مرد بہتر طریقے سے کرسکتے ہیں۔ | | |

اپنی رائے پر دوستوں کے ساتھ تبادلۂ خیال کیجیے۔ اُن کی رائے معلوم کیجیے۔ فیصلہ کیجیے کہ کسے اپنی رائے میں تبدیلی لانی چاہیے اور کیوں؟

## 1.3 ہوم سائنس، فن اور پیشہ

- ہوم سائنس کے تحت درج ذیل شعبوں میں مہارت (Specialization) حاصل کی جاسکتی ہے۔ غذا اور غذائیت، نشر و اشاعت اور توسیع، وسائل کا بندوبست، انسانی نشوونما، کپڑے اور لباس سازی۔ اس مضمون کے ذریعے ہم اپنے گھر اور خاندان اور باہر کے لوگوں کے ساتھ اچھے تعلقات قائم کرنا سیکھتے ہیں۔ ہم اپنے وسائل جیسے وقت، توانائی اور روپے پیسوں کا بہتر استعمال اور اچھا بندوبست کرنا سیکھتے ہیں تاکہ ہمیں مکمل آسودگی اور اطمینان حاصل ہو۔ ہوم سائنس کے مضمون کے ذریعہ ان تمام چیزوں اور مہارتوں کے بارے میں پڑھنے کی ہماری یہ نیت بھی ہونی چاہیے کہ ان مہارتوں کو ہم اپنے خاندان کے ساتھ، اپنی کمیونٹی کی فلاح و بہبود کے لیے بھی استعمال کریں گے، خاص طور سے پس ماندہ طبقے کی زندگی کو کچھ بہتر بنانے میں مدد کریں گے۔
- ہم اپنے رسم و رواج اور اپنے پرکھوں کے ذریعے ہم تک پہنچنے والے تجربات کو بہت اہمیت دیتے ہیں۔ ہمیں ان کی قدر کرنی چاہیے اور انھیں اگلی نسلوں تک منتقل کرنا چاہیے۔ جدید سائنس اور ٹیکنالوجی اور مینجمنٹ ہمیں نئے بدلتے ہوئے سماجی اور اقتصادی حالات کا مقابلہ کرنے کے لیے تیار کرتے ہیں تاکہ ہم اکیسویں صدی کی چنوتیوں کا سامنا کرسکیں۔
- ہوم سائنس کا نصاب آرٹس اور سائنس دونوں پر مشتمل ہے، یہ اپنے طلباء کے اندر یہ صلاحیت پیدا کرتا ہے کہ وہ ان تمام تصورات کو سمجھ سکیں اور ضرورت کے وقت انھیں استعمال بھی کرسکیں۔ یہ صلاحیت ہوم سائنس کے طلباء کو دوسرے کورسز کے طلباء سے ممتاز بناتی ہے۔ یہ صلاحیت دوسرے مضامین کے مقابلے میں ہوم سائنس کے طلباء کے لیے مواقع کا ایک وسیع میدان مہیا کرتی ہے۔







## 1.4 ہوم سائنس میں خصوصی مطالعے کے شعبے

اب تک آپ نے یہ بات اچھی طرح سمجھ لی ہوگی کہ ہوم سائنس مطالعے کے لیے ایک اہم شعبہ ہے۔ آیئے اب تفصیل سے یہ دیکھیں اس مضمون میں مطالعے کے کون کون سے مخصوص شعبے ہیں۔

ہوم سائنس میں خصوصی مطالعے کے لیے پانچ اہم شعبے ہیں۔

ہوم سائنس

- غذا اور غذائیت
- وسائل کا بندوبست
- کپڑے اور لباس سازی
- انسانی نشوونما
- نشر واشاعت اور توسیع

| مرکزی شاخ | مزید خصوصی مطالعے کے شعبے |
|---|---|
| غذا اور غذائیت | • غذائی سائنس<br>• غذائیت-کلینکی غذائیت اور کمیونٹی غذائیت<br>• انسٹی ٹیوشنل فوڈ سروس |
| کپڑے اور لباس سازی | • ٹیکسٹائل سائنس<br>• ٹیکسٹائل ڈیزائننگ<br>• گارمنٹ ڈیزائننگ<br>• کپڑوں کی دیکھ بھال اور رکھ رکھاؤ |
| وسائل کا بندوبست | • وسائل کا بندوبست<br>• مکان اور ساز وسامان<br>• داخلی تزئین وآرائش<br>• صارف کی تربیت |
| انسانی تعلیم وتربیت اور ترقی | • بچے کی دیکھ بھال اور فلاح وبہبود<br>• سن بلوغت، شادی اور خاندان کی رہنمائی<br>• بوڑھوں کی دیکھ بھال<br>• معذور بچوں کا دیکھ بھال |



نوٹس

| | |
|---|---|
| نشر واشاعت اور توسیع | • پروگرام کی منصوبہ بندی اور اندازہ قدر<br>• تربیت اور صلاحیت کی افزائش<br>• کمیونٹی سروس تنظیموں کا بندوبست |

یہ متبادلات (Options) صرف اسکولوں اور اعلیٰ سطح پر ہی دستیاب نہیں ہیں، بلکہ ہندوستان میں بہت سارے ہوم سائنس کالجز ہیں، جہاں آپ ان کورسز کا مطالعہ کر سکتے ہیں۔ ہوم سائنس مضمون کے بہت سارے پیشہ ورانہ (Vocational) کورسز بھی جیسے کڑھائی اور سلائی (Embroidery and Tailoring) اوائلی بچپن وغیرہ۔ تفصیلات معلوم کرنے کے لیے آپ NIOS کی ویب سائٹ www.nos.org دیکھیے۔ یہ کورسز بی اے اور ایم اے کی سطح پر بھی دستیاب ہیں۔ آپ ڈاکٹریٹ اور پوسٹ ڈاکٹریٹ کر کے ہوم سائنس کے متن و مواد میں نئے اضافے بھی کر سکتے ہیں، کالجوں میں یہ کورسیز رسمی تعلیم کے ذریعے اور IGNOU سے فاصلاتی تعلیم کے ذریعے کیے جاسکتے ہیں۔

## عملی کام 1.3

اس کتاب کے آخر میں دیے گئے دستور العمل (Syllabus) کو پڑھیے اور اپنی دلچسپی کے تین شعبوں کا انتخاب کیجیے۔ ہوم سائنس کے ان شعبوں میں تین پیشوں کی لسٹ بنائیے۔

..........................................................................................................

..........................................................................................................

..........................................................................................................

## متن پر مبنی سوالات 1.1

1- صحیح جواب پر نشان لگائیے۔

(i) ہوم سائنس کے معنی ہیں

a) باہمی گفتگو کا فن سیکھنا

b) اپنے وسائل کے بندوبست کا آرٹ

c) اپنا کاروبار چلانے کی صلاحیت پیدا کرنا

d) اوپر کے تینوں



نوٹس



(ii) درج ذیل میں سے کون سا ہوم سائنس کے خصوصی مطالعے کا شعبہ نہیں ہے۔

(a) فوڈ سائنس

(b) گارمنٹ ڈیزائننگ

(c) صارف کی تعلیم

(d) نرسنگ

2۔ حصہ 1.1 کو پڑھیے اور بتایئے کہ کون سے چار طریقوں کے ذریعے ہوم سائنس کا مضمون آپ کی مدد کرسکتا ہے؟

1 .................................................................................................

2 .................................................................................................

3 .................................................................................................

4 .................................................................................................

## 1.5 ہوم سائنس میں روزگار کے مواقع

اس سے پہلے کہ ہم یہ دیکھیں کہ ہوم سائنس کے مضمون میں کیا کیا مواقع دستیاب ہیں، ہمیں 'تنخواہ دار ملازمت اور 'خود روزگار' میں فرق سمجھ لینا چاہیے۔ اس فرق کو سمجھنے کے لیے ایک مثال لیتے ہیں۔ ایک درزی اپنی سلائی کی دکان شروع کرتا ہے، یہ اُس کا اپنا کام ہے، جبکہ اگر وہ کسی گارمنٹ فیکٹری میں کام کرتا ہے اور وہاں سے ہر مہینے اسے تنخواہ ملتی ہے تو وہ تنخواہ دار ملازم ہے۔ تنخواہ دار ملازم کے معنی ہیں، دوسرے آدمی کے لیے کام کرنا اور اپنی محنت کا معاوضہ لینا۔ 'خود روزگار' کا مطلب ہے آپ اپنے کام کے خود مالک ہیں جسے آپ خود چلاتے ہیں اور اس کے خرچ کا انتظام کرتے ہیں۔

آپ پہلے پڑھ چکے ہیں کہ ہوم سائنس میں خصوصی مطالعے (Specialization) کے لیے آپ تنخواہ دار کام کا انتخاب کرسکتے ہیں یا اپنا کام کرنے کے لیے کسی پیشے کو چن سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ اس مضمون کو پڑھ کر جو صلاحیتیں آپ کے اندر پیدا ہوئی ہیں، ان کے لحاظ سے صلاح مشورے کا دفتر (Consullancy) کھول سکتے ہیں۔ خاکہ نمبر 1.1 میں یہ تمام معلومات، مواقع اور مہارتیں درج کی جارہی ہیں۔



نوٹس

## خاکہ نمبر 1.1 ہوم سائنس میں کام کے مواقع

| معلومات/ مہارتیں | تنخواہ والی ملازمت کے مواقع | اپنا کام کرنے کے مواقع |
|---|---|---|
| کیٹرنگ  | • کینٹین/ریسٹورینٹ کے اسٹاف میں<br>• باورچی۔ کافی / چائے کی دکان وغیرہ<br>• سروس اسٹاف | • کینٹین، ریسٹوران، چائے/ کافی کی دکان کے مالک<br>• گھر سے کھانا پہنچانے کی سروس<br>• ہابی کلاسیں چلانا |
| کھانے کو محفوظ کرنا/ بیکری اور کیک بسکٹ وغیرہ  | • پروڈکشن<br>• ٹریننگ اور سروس اسٹاف<br>• کمیونٹی سنٹر کا انچارج | • پروڈکشن یونٹ کا مالک<br>• گھر کے پروڈکشن یونٹ سے سروس<br>• ہابی کلاسیں چلانا<br>• |
| داخلی تزئین و آرائش  | • انٹیریر ڈیزائنر<br>• فرنیچر ڈیزائنر<br>• شوروم کے اسٹاف میں | • انٹیریر ڈیزائنر<br>• فرنیچر ڈیزائنر<br>• ہابی کلاسیں/کورس چلانا<br>• شوکیس ونڈوس، پلے ڈیزائن |
| آرٹس اینڈ کرافٹس  | • گورنمنٹ اسٹاف، ایمپوریم/ شوروم/ اینٹیک<br>• آرٹس اینڈ کرافٹس کی چیزوں کو ڈیزائن کرنا<br>• پروڈکشن یونٹ میں کام کرنا | • اپنا کام یا اپنی دکان چلانا<br>• گھر پر کرافٹ سنٹر بنانا<br>• ہابی کلاس/کورس چلانا |



نوٹس



| | | |
|---|---|---|
| ہاؤس کیپنگ اور لانڈری سروس  | • ہوٹل اور گیسٹ ہاؤس کے اسٹاف میں کام کرنا<br>• سہولیات مینیجر | • گیسٹ ہاؤس چلانا<br>• گھر میں پینٹنگ گیسٹ رکھنا<br>• کانٹریکٹ سروس |
| ڈریس ڈیزائننگ<br>لباس سازی<br>ٹیکسٹائل ڈیزائننگ  | • پروڈکشن یونٹ کے اسٹاف میں کام کرنا، ایکسپورٹ ہاؤس<br>• ٹیکسٹائل ڈیزائننگ یونٹ کے اسٹاف میں کام کرنا<br>• بوٹیک میں کام کرنا | • بوٹیک یا دکان کے مالک<br>• گھر سے سروس کرنا<br>• ہابی کلاسیں کرنا |
| پڑھانا  | • کریچ، پلے اسکول یا ڈے کیئر سنٹر میں کام کرنا<br>• اسکول/ کالج میں کام کرنا<br>• پولی ٹیکنیک میں کام کرنا | • کریچ/ پلے اسکول کے مالک<br>• ڈے کیر یا اسکول کے بعد ڈے کیئر کے مالک<br>• ٹیوشن پڑھانا<br>• مختصر کورسز چلانا |
| کمیونکیشن اور توسیع  | • ترقیاتی تنظیموں کا عملہ<br>• کاؤنسلر<br>• ریسرچ اسکالر<br>• سماجی ہم جو<br>• تربیت کنندگان اور پروگرام کے منتظمین<br>• تعلقات عام اور شعبہ برائے انسانی تعلقات سے جڑا ہوا عملہ | • کاؤنسلر<br>• ترقیاتی تنظیموں کا قیام<br>• مارکیٹ ریسرچ ایجنسیاں<br>• میڈیا یا پروڈکشن اور مینجمنٹ<br>• کمیونکیشن اور ڈیولپمنٹ کنسلٹنٹ<br>• مختصر مدتی نصابی مواد کی تیاری |



نوٹس

| | | |
|---|---|---|
| ریسورس مینیجر اور کنزیومر ایجوکیشن | • تقریباتی انتظامات کرنے والی فرم میں کام کرنا | • تقریبات کے انتظام کا مینیجر<br>• چھوٹی بچت ایجنٹ |

ٹیبل 1.1 کو پڑھ کر آپ کو اندازہ ہو گیا ہوگا کہ آپ کی ہمہ گیر نشوونما کے ساتھ ساتھ ہوم سائنس مضمون آپ کو نوکری یا اپنا کام شروع کرنے کے لیے بھی تیار کرتا ہے۔ مثال کے طور پر، ہوم سائنس کا طالب علم ہونے کی حیثیت سے آپ گارمنٹ ایکسپورٹ ہاؤس میں نوکری کر سکتے ہیں۔ اگر گھر کی ذمہ داریاں زیادہ ہونے کی وجہ سے آپ گھر سے باہر نہیں جا سکتے تو گھر پر ہی بوٹیک یا درزی کی دکان کھول سکتے ہیں۔ آپ اس بات سے بھی اتفاق کریں گے کہ آپ ہوم سائنس کے تمام شعبوں میں نوکری اور اپنا کام دونوں کر سکتے ہیں۔

یاد رکھیے کہ کامیابی حاصل کرنے کے لیے آپ کو مضمون کی معلومات، کچھ مشق اور تجربے کی ضرورت ہوتی ہے۔ اسکولی سطح کی ہوم سائنس کی تعلیم آپ کو اس مضمون کی بنیادی معلومات ہی فراہم کرتی ہے، لیکن ملازمت حاصل کرنے کے لیے مخصوص کورس میں اعلیٰ تعلیم حاصل کرنی ہوگی، جس کی سہولت بہت سارے انسٹی ٹیوٹ میں دستیاب ہے۔ نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف اوپن اسکولنگ میں بھی ہوم سائنس کے پیشہ ورانہ کورسز کی تعلیم کا انتظام ہے۔ مزید معلومات کے لیے آپ اپنے PCD سے رجوع کر سکتے ہیں یا NIOS کی ویب سائٹ دیکھ سکتے ہیں۔

## متن پر مبنی سوالات 1.2

1۔ ہوم سائنس کے شعبے میں خود روزگار کے چار مواقع کی مثال دیجیے۔

2۔ ہوم سائنس کے پانچ خصوصی مطالعے والے شعبوں میں کسی ایک تنخواہ والی ملازمت کی فہرست بنائیے۔

| خصوصی مطالعہ | روزگار کے مواقع |
|---|---|
| (i) غذا اور غذائیت | |
| (ii) ریسورس مینجمنٹ اور ڈیزائننگ | |
| (iii) کپڑے اور ٹیکسٹائلز | |
| (iv) فروغِ انسانی | |
| (v) نشر و اشاعت اور توسیع | |

3۔ نوکری (WE) یا اپنا کام (SE) کے اعتبار سے زمرے بنائیے۔ اپنے چنے ہوئے متبادل (Option) پر (✓) کا نشان لگائیے۔

نوٹس



| | نوکری WE | اپنا کام SE |
|---|---|---|
| (i) پری اسکول ٹیچر | | |
| (ii) گھریلو سامان کے شوروم کے مالک | | |
| (iii) پروڈکشن یونٹ کے اسٹاف میں کام کرنا | | |
| (iv) کنسل ٹینسی سروس دینا | | |
| (v) ریسرچ اسسٹنٹ | | |
| (vi) ہابی کلاسیں چلانا | | |
| (vii) بوٹیک کا مالک ہونا | | |
| (viii) گیسٹ ہاؤس مینیجر | | |
| (ix) اسکول ٹیچر | | |
| (x) ڈیولپمنٹ کنسلٹینٹ | | |

## آپ نے کیا سیکھا

- گھر سے متعلق تمام باتوں کی تعلیم
- مرد اور عورت دونوں کے لیے مفید
- رسمی تعلیم کی ضرورت

**ہوم سائنس**

↓

کے پانچ اجزائے ترکیبی جز ہیں

↓

غذا اور غذائیت | وسائل کا بندوبست | کپڑے اور لباس سازی | انسانی تعلیم و تربیت | نشر و اشاعت اور تعلیم

↓

بی اے اور ایم اے لیول پر اکیڈمک کورسز دستیاب

↓

ریسرچ

نوکری یا خود روزگار



نوٹس

## اختتامی سوالات

1- روزمرہ زندگی میں ہوم سائنس کی اہمیت دس لائنوں میں بیان کیجیے۔

2- ہوم سائنس کے اجزائے ترکیبی یا شعبے کیا ہیں؟ کسی ایک شعبے میں خصوصی مطالعہ کے شعبوں کی فہرست مرتب کیجیے۔

3- ہوم سائنس کے کسی ایک شعبے میں نوکری یا اپنے کام کے مواقع کی فہرست بنایئے۔

4- بتایئے کہ درج ذیل بیانات صحیح ہیں یا غلط۔ وجہ بھی بتایئے۔

(i) ہوم سائنس پڑھ کر روزگار نہیں ملتا

(ii) ہوم سائنس کا مضمون لڑکے اور لڑکیوں کو گھر اور باہر دونوں طرح کے کاموں کی صلاحیتوں سے آراستہ کرتا ہے۔

## متن پر مبنی سوالات کے جوابات

1.1 1- (i) د (ii) ج

2- (i) ریسورسز کے بہتر استعمال کی صلاحیت

(ii) خوبصورت، بخوبی منظم

(iii) کامیاب کیریر

1.2 2- (i) کیٹرنگ، گھر سے پروڈکشن سروس کرنا

(ii) انٹیریر ڈیکوریشن اور فرنیچر ڈیزائنر

(iii) ڈریس/ ٹیکسٹائل ڈیزائننگ، بوٹیک یا دکان کے مالک

(iv) سوشل ویلفیئر، ڈے کیئر یا اسکول کے بعد چھوٹے بچوں کی دیکھ بھال

(v) ریسرچ فیلو، آرگنائزیشن کمیونکیشن کنسلٹنٹ

3-

| نوکری | اپنا کام |
|---|---|
| i,iii,v,viii,ix | ii,iv,vi,vii,x |